خالی آسامیوں کیلئے درخواستیں مطلوب ہیں

ضلعی عدلیہ مانسہرہ میں درجہ ذیل خالی آسامیوں کیلئے ضلع مانسہرہ جب کہ اقلیتی کوٹہ کے تحت بھرتیوں کیلئے ہزارہ ڈویژن کے مستقل سکونتی و رہائشی شہریوں سے خالی آسامیوں کیلئے مرد/خواتین اور مخلوط الجنس (خواجہ سراء) اہل امیدواروں سے درخواستیں مطلوب ہیں۔

نمبر شمار	نام آسامی	کم از کم تعلیمی قابلیت	عمر کی حد	کل خالی آسامیاں / کوٹہ
1	کمپیوٹر آپریٹر BPS-16	i. MSc/BIT/BCS or Equivalent from recognized University	18 تا 30 سال (01-01-2026 تک)	اوپن میرٹ 04 کل 04
2	جونیئر سکیل سٹینوگرافر BPS-14	i. Intermediate or equivalent qualification from recognized board and ii. A speed of 50 words per minute in shorthand and 35 words per minute typing in English Preference will be given to the candidates having knowledge of MS Office	18 تا 30 سال (01-01-2026 تک)	اوپن میرٹ 03 اقلیت 01 کل 04
3	جونیئر کلرکس BPS-11	i. Secondary School Certificate Examination or equivalent qualification from recognized Board and ii. A speed of 30 words per minute in typing	18 تا 30 سال (01-01-2026 تک)	اوپن میرٹ 04 خواتین 02 اقلیت 02 کل 08

شرائط وضوابط:

(1)۔امیدواروں کی جانب سے فراہم کردہ معلومات کی بنیاد پر عارضی طور پر ETEA اسکریننگ ٹیسٹ میں شرکت کی اجازت دی جائے گی، تاہم تفصیلی جانچ پڑتال متعلقہ تقرری اتھارٹی کی جانب سے کی جائے گی اور اگر کسی بھی مرحلہ پر کوئی بھی امیدوار کسی بھی اعتبار سے نااہل پایا گیا تو اس کی تقرری اتھارٹی کی جانب نااہل قرار دیا جائے گا۔(2)۔عمر کی بالائی حد 01-01-2026 سے حساب کیا جائے گا۔تاہم عمر کی بالائی حد میں توسیع مروجہ قواعد کے مطابق دی جاسکتی ہے۔(3)۔تمام آسامیوں کیلئے اسکریننگ ٹیسٹ بذریعہ ETEA لیا جائے گا جس کیلئے ETEA کی ویب سائیٹ پر آن لائن اپلائی کیا جاسکتا ہے۔درخواست دینے کا تفصیلی طریقہ کار نیچے دیا گیا ہے۔(4)۔سرکاری ملازمین اپنے محکمے کی وساطت سے اجازت نامہ NOC بھی منسلک/اپلوڈ کریں۔(5)۔غیر ملکی ڈگری یا مساوی تعلیم کی صورت میں ایچ ای سی (HEC) سے ڈگری مروجہ سرٹیفکیٹ (Equivalency Certificate) فراہم کرنا لازمی ہوگا۔(6)۔ٹیسٹ/انٹرویو کیلئے آنے والے امیدواروں کو کوئی TA/DA نہیں دیا جائے گا۔(7)۔تمام آسامیاں معزز عدالت عالیہ پشاور اور صوبائی حکومت کی جانب سے جاری کردہ مروجہ قواعد وضوابط کے تحت اور خالصتاً عارضی بنیادوں پر پُر کی جائیں گی۔(8)۔مجاز اتھارٹی پالیسی کے مطابق اشتہار میں تبدیلی/ترمیم یا اسے منسوخ کرنے، آسامیوں کی تعداد میں کمی بیشی کرنے اختیار رکھتی ہے۔

درخواست دینے کا طریقہ کار:

(1)۔درخواست دینے سے پہلے تمام امیدواران www.etea.edu.pk وزٹ کریں اور آن لائن درخواست دیں۔(2)۔تمام امیدواروں کیلئے لازمی ہوگا کہ وہ ETEA کی ویب سائیٹ پر اپنا پروفائل بنائیں۔پروفائل بنانے کے بعد کسی بھی آسامی کیلئے درخواست دینے/فیس (ناقابل واپسی) جمع کروانے سے قبل ETEA کی ویب سائیٹ سے E-Sahulat ٹوکن پرنٹ کریں گے اور اپنا شناختی کارڈ نمبر کسی بھی NADRA E-Sahulat فرنچائز (کیاسک) سے تصدیق کروائیں گے۔اس تصدیق کے بغیر کسی بھی آسامی کیلئے درخواست دینا ممکن نہیں ہوگا۔فیس ناقابل واپسی صرف اسکریننگ ٹیسٹ ETEA بذریعہ One Link کسی بھی برانچ میں جمع کروائی جائے۔(3)۔فیس جمع کروانے کے بعد بینک سے مہر شدہ اصل ڈیپازٹ سلپ (امیدوار کاپی) اپنے پاس محفوظ رکھیں اور اسے کسی سے شیئر نہ کریں اور نہ ETEA دفتر مذکورہ رسید بھیجیں تاہم اسکریننگ ٹیسٹ میں کامیاب ہونے والے امیدواران سے ضرورت کے وقت دستاویزات طلب کی جائیں گے۔(4)۔آن لائن درخواست فارم www.etea.edu.pk پر 22-09-2026 کو دستیاب ہوگا اور آن لائن درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ 21-10-2026 ہے۔(5)۔کامیابی سے درخواست جمع کروانے والے امیدواران کو ETEA کی جانب سے ایس ایم ایس کے ذریعے اطلاع دی جائے گی۔جس کے بعد وہ ETEA کی ویب سائیٹ سے اپنی رول نمبر سلپ ڈاؤن لوڈ پرنٹ کرلیں۔لہذا امیدوار پورے امتحانی عمل کے مکمل ہونے تک اپنی فعال سم بند یا تبدیل نہ کریں بصورت دیگر اس کی ذمہ داری خود امیدوار پر ہوگی۔(6)۔امیدواران کی ٹیسٹ کی تاریخ، وقت اور مقام سے متعلق ہدایات رول نمبر سلپ پر درج ہونگی لہذا اندراج کے وقت درست اور رابطہ نمبر میں رہنے والے موبائل نمبر فراہم کریں۔(7)۔ETEA ٹیسٹ میں کامیاب ہونے والے امیدواران کے تحریری، عملی یا زبانی ٹیسٹ کیلئے تاریخ کا تعین بعد میں کیا جائے گا۔جس کی بابت اطلاع دفتر کی ویب سائیٹ پر دی جائے گی۔(8)۔اصل سرٹیفکیٹ وغیرہ بوقت انٹرویو ساتھ لانا لازمی ہونگے بصورت دیگر انٹرویو میں شامل ہونے کے اہل نہیں ہونگے/ہونگیں۔

ارباب عزیز احمد ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج مانسہرہ

INF(AD)150